**AQF / Fazil**

**22-02-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .................................آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج اترپردیش میں میرٹھ میٹرو اور نمو بھارت ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔

2- وزیر اعظم آج دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر ''من کی بات'' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

3- آسام کے گوہاٹی ہوائی اڈّے پر تعمیر کردہ نیا مربوط ٹرمنل آج سے اپنا کام کاج شروع کر دے گا۔

4- بھارت کے زرِ مبادلہ کے ذخائر 725 اعشاریہ 727 ارب ڈالر کی اب تک کی اعلیٰ ترین سطح تک پہنچ گئے ہیں۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد تمام ملکوں پر محصولات کو بڑھا کر 15 فیصد کرنے کا اعلان کیا ہے۔

6- اور ICC ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں، بھارت آج شام احمد آباد میں، جنوبی افریقہ کے خلاف سُپر 8 کی اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-MEERUT**

وزیراعظم نریندر مودی آج سہ پہر میرٹھ میں شتابدی نگر نمو بھارت اسٹیشن پر میرٹھ میٹرو اور نمو بھارت ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ وہ میرٹھ ساؤتھ اسٹیشن تک میٹرو کا سفر بھی کریں گے۔ اس کے بعد وزیر اعظم میرٹھ میں تقریباً 12 ہزار 930 کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور اُنہیں قوم کے نام وقف کریں گے۔ وہ اس موقع پر ایک اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V/C - Anupam**

*وزیراعظم نریندر مودی 82 کلومیٹر طویل دلّی-میرٹھ نمو بھارت کوریڈور کو قوم کے نام وقف کریں گے۔ وہ بھارت کے پہلے نمو بھارت ریجنل ریپڈ ٹرانزٹ سسٹم RRTS کے باقی حصوں کا افتتاح بھی*

کریں گے۔ ان میں دلّی میں سرائے کالے خاں اور نیو اشوک نگر کے درمیان 5 کلومیٹر کا حصہ، اور اترپردیش میں میرٹھ ساؤتھ اور مودی پورم کے درمیان 21 کلومیٹر کا حصہ شامل ہے۔ 180 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار کے ساتھ نمو بھارت ملک کا پہلا ریجنل ریپڈ ٹرانزٹ سسٹم ہے۔ یہ دلّی کو صاحب آباد، غازی آباد، مودی نگر اور میرٹھ جیسے بڑے شہری مراکز سے تیز رفتار کنیکٹی وِٹی فراہم کرے گا۔ سرائے کالے خاں، جو اس کوریڈور کا ابتدائی اسٹیشن ہے، چار نمو بھارت اسٹیشنوں میں سے ایک ہے، جسے اس افتتاح کے ساتھ شروع کر دیا جائے گا۔ وزیراعظم میرٹھ ساؤتھ اور مودی پورم کے درمیان میرٹھ میٹرو خدمات کا بھی افتتاح کریں گے، جو نمو بھارت کے ساتھ ایک ہی بنیادی ڈھانچے پر چلیں گی۔ یہ ملک میں اپنی نوعیت کا پہلا اقدام ہوگا۔ میرٹھ میٹرو، بھارت کا تیز ترین میٹرو نظام ہوگا جس کی زیادہ سے زیادہ رفتار تقریباً 120 کلومیٹر فی گھنٹہ ہوگی۔ یہ تمام مقررہ اسٹاپ کے ساتھ پورا فاصلہ صرف 30 منٹ میں طے کرے گی۔ ایک ہی بنیادی ڈھانچے پر نمو بھارت اور میرٹھ میٹرو کا یہ مربوط نظام ضلعوں کے درمیان تیز رفتار سفر اور شہر کے اندر تیز نقل و حرکت کو یقینی بنائے گا، اور ملک میں مربوط شہری و علاقائی ٹرانزٹ کے لیے ایک نیا معیار قائم کرے گا۔

انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

## PM-FOXCONN

وزیراعظم نریندر مودی نے اترپردیش کے گوتم بدھ نگر کے Jewar میں یمنا ایکسپریس وے انڈسٹریل ڈولپمنٹ اتھارٹی میں سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ یونٹ کا کل ورچوئل طریقے سے سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ HCL-Foxconn کے جوائنٹ وینچر پروجیکٹ، انڈیا چپ پرائیویٹ لمیٹڈ کا قیام، ٹیکنالوجی کے شعبے میں خود کفالت کی جانب ایک قدم ہے، جو عالمی چپ ایکو سسٹم میں بھارت کی موجودگی کو تقویت دے گا۔

**0815-PM- India Chip**

وزیراعظم نے کہا کہ یہ دہائی، بھارت کی ٹیکنالوجی کی دہائی ہے اور بھارت کے ذریعہ اس دہائی میں ٹیکنالوجی کے شعبے میں کیا گیا کام، 21 ویں صدی میں بھارت کی طاقت کی بنیاد ہوگا۔×

## VAISHNAW AI SUMMIT

انڈیا AI امپیکٹ سمٹ 2026 نے AI امپیکٹ سے متعلق نئی دلّی اعلامیے کو منظوری دی، جو مصنوعی ذہانت کے شعبے میں عالمی تعاون کیلئے ایک اہم سنگِ میل ہے۔ مجموعی طور پر 88 ملکوں اور بین الاقوامی تنظیموں نے اس اعلامیے کی توثیق کی،

جو اقتصادی ترقی اور سماجی فلاح و بہبود کیلئے AI کے استعمال پر وسیع عالمی اتفاقِ رائے کی عکاسی کرتی ہے۔ اس تقریب میں دنیا بھر سے نمایاں شرکت دیکھنے میں آئی۔ ''سَرو جَن ہِتائے سَرو جَن سُکھائے'' کے اصول کی رہنمائی میں اس اعلامیے میں عالمی تعاون کو مضبوط بنانے پر زور دیا گیا اور AI کے فوائد کو پوری دنیا میں منصفانہ طور پر تقسیم کرنے کی تاکید کی گئی۔×

**PM-MAN KI BAAT**

وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر ''من کی بات'' پروگرام میں ملک اور بیرون ملک، لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 131واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام نیٹ ورک، AIR نیوز کی ویب سائٹ اور newsonair موبائل ایپ پر بھی نشر ہوگا۔ اِسے AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر براہِ راست سنا جاسکے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی سے اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔x

**INTEGRATED TERMINAL GUWAHATI**

آسام کے ریاستی ہوا بازی کے بنیادی ڈھانچے میں بڑے اضافے کے تحت گوہاٹی کے لوک پریہ گوپی ناتھ Bordoloi بین الاقوامی ہوائی اڈے کے نئے انٹیگریٹڈ ٹرمنل کا کام کاج آج سے شروع ہوگیا ہے۔ توقع ہے کہ خطے میں بڑھتے ایئر ٹریفک کے مدنظر اس انٹیگریٹڈ ٹرمنل کی بدولت مسافروں کی دیکھ بھال کی صلاحیت میں نمایاں اضافہ ہوگا اور آپریشنل کارکردگی میں مجموعی بہتری آئے گی۔ یہ ٹرمنل، گھریلو اور بین الاقوامی مسافروں، دونوں کے مطابق ڈیزائن کیا گیا ہے، جو جدیدترین سکیورٹی نظام، مسافروں کی آسان آمد ورفت اور جدید بنیادی ڈھانچے سے لیس ہے۔ اس ٹرمنل کا افتتاح 20 دسمبر کو وزیراعظم نریندر مودی نے کیا تھا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Aminul**

*نئی ٹرمنل عمارت کی تعمیر پر چار ہزار کروڑ روپے خرچ ہوئے ہیں اور اسے سالانہ ایک کروڑ 30 لاکھ مسافروں کی آمد ورفت کو آسان بنانے کے حساب سے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اسے بانس کے پودے کی تھیم کے تحت آسام کی حیاتیاتی تنوع اور ثقافتی ورثے سے ترغیب حاصل ہے۔ نئے ٹرمنل کا مقصد گوہاٹی کی پوزیشن کو ہوا بازی کے اہم مرکز کے طورپر مستحکم کرنا ہے۔ ریاستی حکومت نے اس پیش رفت کو کنکٹی وٹی کو مستحکم کرنے اور خطے میں معاشی ترقی، سیاحت اور تجارت میں مدد کرنے والا قدم قرار دیا ہے۔*

*گوہاٹی سے امین الحق جوادر کی رپورٹ کی ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**FOREX RESERVES**

بھارت کے غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں، 13 فروری کو ختم ہوئے ہفتے میں 8 اعشاریہ چھ چھ تین اَرب ڈالر کا اضافہ ہوا اور یہ اب تک کی سب سے بلند ترین سطح 725 اعشاریہ سات دو سات ارب ڈالر تک پہنچ گئے۔ بھارت کے ریزرو بینک کے مطابق غیر ملکی زرمبادلہ کے اہم جزو، سونے کے ذخائر کی قدر میں چار اعشاریہ نو نو صفر ارب ڈالر کا اضافہ ہوا اور یہ بڑھ کر 128 اعشاریہ چار چھ چھ ارب ڈالر ہوگئی۔ غیر ملکی زرمبادلہ کے سب سے بڑے جزو، غیر ملکی کرنسی کے اثاثے، FCA میں بھی تین اعشاریہ پانچ پانچ صفر ارب ڈالر کا اضافہ ہوا اور یہ بڑھ کر 573 اعشاریہ چھ صفر تین ارب ڈالر ہوگئے۔×

**INDIA-BRAZIL MoU**

بھارت اور برازیل نے فارماسیوٹیکل اور طبی مصنوعات کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مستحکم کرنے کے مقصد سے ضوابط سے متعلق مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا ہے۔ صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت نے اپنے بیان میں اطلاع دی ہے کہ یہ مفاہمت نامہ، دواؤں کے معیار پر کنٹرول سے متعلق مرکزی ادارے، سینٹرل ڈرگس اسٹینڈرڈ کنٹرول آرگنائزیشن اور برازیلین ہیلتھ ریگولیٹری ایجنسی کے درمیان کیا گیا، تاکہ انضباطی طریقہ کار کو فروغ دیا جاسکے، انضباطی نظام میں آپسی افہام وتفہیم کو بڑھایا جاسکے اور طبی مصنوعات کی تال میل پر مبنی مؤثر نگرانی کی جاسکے۔

بھارت اور برازیل نے بہت چھوٹے، چھوٹے اور درمیانی درجے کے کاروبار، MSMEs کے شعبے میں بھی مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں۔ MSME کی وزارت نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ یہ مفاہمت نامہ دونوں فریقوں کو MSMEs سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کیلئے پلیٹ فارم فراہم کرے گا اور دونوں ممالک کیلئے باہمی طور پر فائدے مند تعاون کے ممکنہ شعبوں میں امکانات تلاش کرنے کا موقع دے گا۔ وزیراعظم نریندر مودی اور برازیل کے صدر لُولا دا سِلوا کی موجودگی میں کل نئی دلّی میں ان دونوں مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا گیا۔×

**INDIA-BRAZIL TRADE**

بھارت اور برازیل نے 2030 تک دوطرفہ تجارت کو 20 ارب ڈالر کے سابقہ ہدف سے بڑھا کر 30 ارب ڈالر تک پہنچانے کا عزم کیا ہے۔ وزارتِ خارجہ میں مشرقی امور کے سکریٹری پی کمارن نے ایک خصوصی بریفنگ کے دوران بتایا کہ یہ فیصلہ برازیل کے صدر **Luiz Inácio Lula da Silva** کے بھارت کے دورے کے موقعے پر کیا گیا، جہاں انہوں نے

اس بات پر زور دیا کہ پہلے کا مقرر کردہ ہدف ناکافی تھا۔

دونوں ممالک تیل، گیس اور قابل تجدید توانائی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے خواہاں ہیں۔ اس کے علاوہ برزیلی سیٹلائٹس کی لانچنگ اور مشترکہ طور پر سیٹلائٹس کی تیاری، بایو ایندھن اور پائیدار فضائی ایندھن، زراعت، مویشی پروری، حفظانِ صحت اور یوگا کے شعبوں میں بھی تعاون کو فروغ دیا جائے گا۔×

## TRUMP TARIFF

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سپریم کورٹ میں ایک بڑے دھچکے کے بعد عالمی محصولات کو 10 فیصد سے بڑھا کر 15 فیصد کر دیا ہے۔ امریکہ کی سپریم کورٹ نے 3 کے مقابلے 6 ججوں کے فیصلے میں کہا کہ بین الاقوامی ہنگامی اقتصادی اختیارات ایکٹ، صدر کو درآمدات پر وسیع اور ہمہ گیر محصولات عائد کرنے کا اختیار نہیں دیتا۔ اس فیصلے کے نتیجے میں ممکنہ طور پر اربوں ڈالر کے ریفنڈ کے دعووں کا راستہ کھل سکتا ہے۔ فیصلے کے بعد چند گھنٹے کے اندر ہی ٹرمپ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے محصولات کے ایک نئے دور کا اعلان کیا اور اشارہ دیا کہ عدالتی دھچکے کے باوجود اُن کا تجارتی ایجنڈا آگے بڑھے گا۔ صدر نے موجودہ ڈیوٹیز کے علاوہ مزید 10 فیصد عالمی محصولات عائد کرنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ قومی سلامتی اور تجارت سے متعلق اہم محصولات بلاتعطل جاری رہیں گے۔×

## VP-BOOK RELEASE

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے کل نئی دلّی میں اٹل بہاری واجپئی The Eternal Statesman نامی Coffee Table Book کا اجراء کیا۔ اس موقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے نائب صدر نے کہا کہ یہ کتاب بھارت رتن اٹل بہاری واجپئی کو شاندار خراجِ عقیدت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ کتاب نہ صرف تصاویر کا مجموعہ ہے، بلکہ بھارت کے عظیم رہنماؤں میں سے ایک کی زندگی کا جشن ہے۔ آنجہانی اٹل بہاری واجپئی کی زندگی اور وراثت ملک کو بدستور تحریک فراہم کرتی رہے گی۔ ×

## VP-TAMIL NADU VISIT

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن آج تمل ناڈو جائیں گے۔ وہ مدورَئی میں Vandiyur کے مقام پر Thiru V O Chidambaram Pillai کے مجسمے کے سنگِ بنیاد کی تقریب میں مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کریں گے۔ جناب رادھا کرشنن Sivaganga میں Thirukoshtiyur Sowmya Narayana Perumal مندر اور رانی ویلو Nachiyar Palace بھی جائیں گے۔×

**CRICKET T20 WC**

ICC ٹی-ٹوینٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں بھارت، آج احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ کے خلاف سُپر 8 کی اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔ یہ میچ شام 7 بجے شروع ہوگا۔ لیگ مرحلے میں بھارت تمام 4 میچز جیت کر اپنے گروپ میں سرِ فہرست رہا۔

اس دوران کل کولمبو میں شدید بارش کے سبب پاکستان اور نیو زیلینڈ کے درمیان سُپر 8 کا پہلا میچ ردّ کر دیا گیا۔ دونوں ٹیموں کو ایک-ایک پوائنٹ دے دیا گیا۔ پاکستان کا اگلا مقابلہ 24 فروری کو Pallekele بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں انگلینڈ سے ہوگا۔ نیو زیلینڈ کا اگلا مقابلہ 25 فروری کو کولمبو میں سری لنکا سے ہوگا۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے، کیرالہ، ماہے، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائکل اور کرناٹک کے جنوبی اندرونی علاقوں میں کل تک گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا کہ خلیج بنگال، خلیجِ منّار، ساحلی کیرالہ اور لکشدیپ کے علاقوں میں موسم خراب رہے گا۔ IMD کے مطابق اگلے 7 روز کے دوران ملک کے شمال مغربی علاقوں میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں دو سے چار ڈگری سیلسئس کا بتدریج اضافہ ہوگا۔×

**HYDERABAD MODREN LAW**

حیدرآباد شہر، پولیس نے جدید قوانین کے نفاذ کے طریقہ کار میں نوجوانوں کو شامل کرنے کیلئے ترقی پسند پہل متعارف کرائی ہے۔ اس کے تحت 25 سال سے کم عمر کے ڈگری اور پوسٹ گریجویٹ طلباء پر مرکوز اِنٹرن شِپ پروگرام شروع کیا گیا ہے، جو شرکاء کو ڈیٹا اینالسس، ریسرچ پروجیکٹوں اور ہم عصر پولیسنگ تکنیکوں سے واقف کرائے گا۔ تعاون پر مبنی اس کوشش کا مقصد ڈیجیٹل دور میں سکیورٹی کی بہتر سمجھ کو فروغ دیتے ہوئے تعلیمی برادری اور پبلک سیفٹی کے درمیان خلاء کو پُر کرنا ہے۔ SMIT Cell کے زیرِ نگرانی چلایا جارہا یہ پروگرام، اس بات کو یقینی بنائے گا کہ کامیاب طریقے سے اپنی مدت مکمل کرنے والے سبھی طلباء کو، کورس سرٹیفکٹ مل جائیں۔×

**J&K PG SEATS**

جموں وکشمیر میں Specialised طبی تعلیم کو فروغ دینے کے اہم قدم کے طور پر نیشنل میڈیکل کمیشن نے جموں اور سری نگر کے سرکاری میڈیکل کالجوں اور SKIMS Soura کیلئے 24 نئی سُپر Speciality سیٹوں کو منظوری دی ہے۔ یہ سیٹیں کارڈیو لوجی، یورو لوجی، Pulmonary میڈیسن اور کلینیکل Immunology جیسے شعبوں میں منظور کی گئی ہیں۔

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ Itoo نے اس پیش رفت کو اہم سنگ میل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ تبدیلی لانے والا یہ قدم، جموں اور کشمیر میں صحت دیکھ بھال کے Specialised بنیادی ڈھانچے کی توسیع کرنے اور طبی تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے حکومت کے مضبوط عزم کی عکاسی کرتا ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... ضمیرالدین رضوی

شکریہ - آسیہ میمونہ

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے سبھی اردو اخبارات نے دن میں آج وزیر اعظم مودی کے میرٹھ دورے اور متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیے جانے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ پرتاپ کی شہ سرخی ہے، وزیر اعظم نریندر مودی آج میرٹھ میں بھارت کے پہلے نمو بھارت ریجنل ریپڈ ٹرانزٹ سسٹم کا افتتاح کریں گے۔ جناب مودی میرٹھ ساؤتھ اسٹیشن سے مودی پورم تک نمو بھارت ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔

بیشتر اردو اخبارات نے وزیر اعظم مودی اور برازیل کے صدر Luiz Inácio Lula da Silva کے درمیان بات چیت اور دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تجارت کو 20 ارب ڈالر تک بڑھانے پر ہوئے معاہدے کی خبر کو نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔ روزنامہ انقلاب نے کل اختتام پذیر انڈیا AI امپیکٹ سمٹ سے متعلق خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اے آئی سمٹ میں 88 ممالک نے بھارت کے وِژن کی تائید کی۔ اور کھیلوں میں آج کی اہم خبر ہے مردوں کے ICC ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے سُپر 8 مرحلے میں گجرات کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں آج بھارت اور جنوبی افریقہ آمنے سامنے ہوں گے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج اترپردیش میں میرٹھ میٹرو اور نمو بھارت ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔

2- وزیر اعظم آج دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر ''من کی بات'' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

3- آسام کے گوہاٹی ہوائی اڈّے پر تعمیر کردہ نیا مربوط ٹرمنل آج سے اپنا کام کاج شروع کر دے گا۔

4- بھارت کے زرِ مبادلہ کے ذخائر 725 اعشاریہ 727 ارب ڈالر کی اب تک کی اعلیٰ ترین سطح تک پہنچ گئے ہیں۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد تمام ملکوں پر محصولات کو بڑھا کر 15 فیصد کرنے کا اعلان کیا ہے۔

6- اور ICC ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں، بھارت آج شام احمد آباد میں، جنوبی افریقہ کے خلاف سُپر 8 کی اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---------------------------------------